# پاکستان تحریک انصاف کی فیصلہ سازی کے حوالے سے ترجمان تحریک انصاف کا اہم بیان

15 دسمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی، مقبول ترین اور منظم جماعت ہے۔
- تحریک انصاف میں فیصلہ سازی باہمی مشاورت کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہے۔
- کسی فردِ واحد کے فیصلوں یا شخصی اقدامات کی نہ تو جماعت میں گنجائش ہے اور نہ اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- کور کمیٹی فی الوقت پالیسی و فیصلہ سازی کا سب سے اعلیٰ، فعال اور بااختیار ادارہ ہے۔
- تحریک انصاف کے تمام فیصلے کور کمیٹی اجلاسوں میں مفصل مشاورت اور مکمل اتفاقِ رائے سے کئے جاتے ہیں۔
- کور کمیٹی کے فیصلوں کو بانی چیئرمین جناب عمران خان کی تائید و توثیق اور باضابطہ منظوری کے بعد نافذ کیا جاتا ہے۔
- اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے فیصلے، اقدام یا بیان کو تحریک انصاف کی پالیسی کا درجہ نہ دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تحریک انصاف اسے قبول کرتی ہے۔
- ملک کے اندر یا باہر افراد کی جانب سے جماعت کی باضابطہ منظوری کے حصول کے بغیر جب بھی کوئی قدم اٹھایا گیا جماعت نے اس سے مکمل لاتعلقی کا اظہار کیا اور آئندہ بھی ایسا ہی کیا جائے گا۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ